پاکستان کے تمام مسائل کی جڑ فرسودہ جاگیردارانہ نظام ہے،حق پرست ارکان قومی اسمبلی

کراچی ۔۔۔25، مارچ 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کہا ہے کہ قیام پاکستان کے بعد سے آج تک ملک پر رائج فرسودہ جاگیردارانہ اور وڈیرانہ نظام ملک وقوم کیلئے ناسور بن چکا ہے اوراس فرسودہ نظام کے نجات کیلئے ملک بھر کے عوام کو متحدہ قومی موومنٹ کے پرچم تلے متحد ہوکر عملی کردارادا کرنا ہوگا۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان کے تمام مسائل کی جڑ فرسودہ جاگیردارانہ نظام ہے اوراس گلے سڑے نظام کے باعث ملک بھر کے عوام اپنے بنیادی حقوق سے محروم ہیں ۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم پاکستان کی واحد جماعت ہے جو جاگیردارانہ اور وڈیرانہ نظام کے خلاف عملی جدوجہد کررہی ہے اور جب تک ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ نہیں ہوجاتا ایم کیوایم کی حق پرستانہ جدوجہد جاری رہے گی۔انہوں نے کہا کہ سونے کا چمچہ منہ میں لیکر پیدا ہونے والے جاگیرداراور وڈیرے غریب عوام کے مسائل حل نہیں کرسکتے اور ملک بھر کے عوام کو اپنے جائز حقوق کیلئے اپنی صفوں سے تعلیم یافتہ اور باصلاحیت قیادت منتخب کرکے ایوانوں میں بھیجنا ہوگی۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے ملک بھر کے مظلوم،محروم اورمحکوم عوام سے اپیل کی کہ وہ فرسودہ جاگیردارانہ کے خاتمہ اوراپنے جائز حقوق کے حصول کیلئے ایم کیوایم کے پرچم تلے متحد ہوجائیں اورفرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خلاف میدان عمل میں اپنا عملی کردارادا کریں۔

قصبہ علی گڑھ سیکٹر کے کارکن کی ہمشیرہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔25، مارچ 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم قصبہ علیگڑھ سیکٹر یونٹ 131 کے کارکن خالد منیر کی ہمشیرہ محترمہ فرحت پروین کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اورسوگواران صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

طاہر کھوکھر کا ایم کیوایم آزادکشمیر کے کارکنان سے اظہار تعزیت

مظفرآباد۔۔۔25، مارچ 2009ء۔۔۔آزادکشمیر قانون ساز اسمبلی میں متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست پارلیمانی لیڈراوروزیر سیاحت محمد طاہر کھوکھر نے ایم کیوایم آزادکشمیر کے رکن راجہ جہانگیر خان اورسردارسجادعباسی کے چچا کے انتقال پر گھر جاکر سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اورمرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی۔وہ کچھ سوگواران کے ساتھ رہے اورانہوں نے مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔اس موقع پرایم کیوایم کے مقامی ذمہ داران اورکارکنان بھی ان کے ہمراہ تھے۔دریں اثناء محمد طاہر کھوکھر نے ایم کیوایم آزادکشمیر کے کارکن مختار حسین بھٹی کی دادی کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا اورمرحومہ کی رہائشگاہ جاکر سوگواران سے تعزیت کی اورمرحومہ کی مغفرت کیلئے دعائیں کیں۔

☆☆☆☆☆